**02.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... ارجمندعلی خان

**Music**

---

☆ بجٹ اجلاس کے پہلے دن صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے سلسلے میں لوک سبھا میں بحث شروع ہوگئی ہے۔

☆ تحریک پیش کرتے ہوئے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا کہ صدر جمہوریہ کے خطاب میں ملک کے مستقبل کیلئے ایک باعث تحریک نظریہ پیش کیا گیا ہے۔

☆ امریکہ-بھارت کلیدی ساجھیداری فورم نے نئے مالی سال کے مرکزی بجٹ کو ترقی پسندانہ اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار قرار دیتے ہوئے اِس کا خیرمقدم کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے چیئرمین کا کہنا ہے کہ بجٹ سے اختراع اور جدید طرز کی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بھارت کی عالمی مسابقت کو تقویت ملے گی۔

☆ سپریم کورٹ نے مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمل ناڈو اور کرناٹک کے درمیان **Pennaiyar** دریا کے آبی تنازعے کو حل کرنے کیلئے ٹرائیبونل قائم کرے۔

☆ قومی راجدھانی میں کہرے کی وجہ سے کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کی وجہ سے کئی پروازوں اور ریل گاڑیوں کی آمدورفت میں رکاوٹ پڑی۔

☆ اور، نشانے بازی میں، ایشیائی رائفل اور پسٹل چمپئن شپ آج نئی دِلی کے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں شروع ہورہی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PARL-MOTION OF THANKS**

پارلیمنٹ کے دونوں موجودہ ایوانوں سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر لوک سبھا میں شکریہ کی تحریک پر بحث کا

آغاز ہوگیا ہے۔ آج ایوان زیریں میں تحریک پیش کرتے ہوئے مرکزی وزیر اور BJP کے رکن پارلیمنٹ سربانند سونووال نے صدر مرمو کے خطاب کو غیر معمولی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر جمہوریہ کے خطاب سے ملک کے مستقبل کی خاطر ایک ترغیباتی نظریہ فراہم ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے سماجی انصاف، سب کی شمولیت والی ترقی اور وِکست بھارت کے عزم کے حکومت کے نظریئے کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ 2014 میں جب نریندر مودی حکومت اقتدار میں آئی، تو بھارت تیز تر اور مجموعی ترقی کے سفر کی جانب گامزن ہوا۔×

**RIJIJU-MOTION OF THANKS**

پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث کی خاطر لوک سبھا میں کُل 18 گھنٹے کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ یہ بحث تین دن تک جاری رہے گی اور وزیراعظم نریندر مودی بدھ کے روز اس بحث کا جواب دیں گے۔ راجیہ سبھا میں اس معاملے پر بحث کیلئے کُل 16 گھنٹے کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ اس کے مکمل ہونے کے بعد لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 27-2026 پر بحث کا آغاز ہوگا۔

**Byte: Kiren Rijiju**

**USISPF-UNION BUDGET**

بھارت-امریکہ کلیدی شراکت داری فورم نے مرکزی بجٹ 27-2026 کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ یہ ایک ایسا ترقی پسند اور جامع نقشہ راہ ہے، جو بھارت کی مسابقتی صلاحیت کو مستحکم کرے گا، سرمایہ کاری کو فروغ دے گا اور کاروبار کرنے میں آسانی میں اضافہ ہوگا۔ ایک بیان میں اُس نے کہا ہے کہ بجٹ کی خاص توجہ کاروبار کرنے میں آسانی، کسٹم کی جدید کاری، محصول کو معقول بنانے، بینکاری شعبے میں اصلاحات اور اہم شعبہ جاتی مدد پر ہے، جس سے یہ صنعتوں کی ترجیحات سے ہم آہنگ ہے اور اس سے سرمایہ کاری کے ایک اہم عالمی مقام کے طور پر بھارت کی پوزیشن مستحکم ہوتی ہے۔×

**SBI-BUDGET**

اسٹیٹ بینک آف انڈیا کے چیئرمین Challa Sreenivasulu Setty نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ، عالمی مسابقت کے ساتھ اختراع اور جدید طرز کی مینوفیکچرنگ کیلئے بھارت کو ایک عالمی مرکز بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ جناب Setty نے کہا کہ اِس سال کے بجٹ میں دیہی اور شہری، وراثت اور اُبھرتے ہوئے شعبوں کے درمیان مناسب توازن قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے پالیسی تسلسل اور ٹیکس پیش قیاسی کو برقرار رکھا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے چیئرمین نے کہا کہ اب

صندل کی لکڑی، کاجو اور ماہی پروری جیسے اعلیٰ قدر کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

## DELHI CM BUDGET

دِلی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا ہے کہ مرکزی بجٹ 2026-27 سے نوجوانوں، خواتین اور متوسط طبقے کیلئے مواقع پیدا ہوں گے اور یہ ملک کی معیشت کو مستحکم بنانے کا ایک واضح خاکہ پیش کرتا ہے۔ نئی دِلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ ریکھا گپتا نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ اِس سال کا بجٹ نئی نسل کا بجٹ ہے، جس میں صحت، کھیل، سیاحت اور بنیادی ڈھانچے کو روزگار پیدا کرنے کے ساتھ براہِ راست منسلک کیا گیا ہے۔ اُنہوں نے خاص طور پر ہر ضلعے میں لڑکیوں کے ہاسٹل کا انتظام کئے جانے کا خیرمقدم کیا۔

**S/B: Rekha Gupta**

## MAHA BUDGET YOUTH CENTRIC

مہاراشٹر کی نائب وزیر اعلیٰ Sunetra اجیت پوار نے مرکزی بجٹ کا یہ کہتے ہوئے خیرمقدم کیا ہے کہ یہ نوجوانوں پر توجہ مرکوز کرنے والا اور کسانوں کیلئے سازگار خاکہ پیش کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مہاراشٹر میں میٹرو پروجیکٹوں کیلئے، جو رقومات مختص کی گئی ہیں، اُس سے ریاست کی ترقی میں تیزی آئے گی۔×

## LS-GIRL EDUCATION

حکومت نے کہا ہے کہ 7 لاکھ سے زیادہ اسکولی بچیوں کا اِس وقت ملک بھر کے کستوربا گاندھی بالیکا وِدیالیہ میں اندراج ہے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ اِن میں سے دو لاکھ اسکولی بچیوں کا تعلق درج فہرست ذاتوں، ایک لاکھ 77 ہزار کا درج فہرست قبائل اور دو لاکھ 64 ہزار کا دیگر پسماندہ طبقات سے ہے۔ وزیر موصوف نے اس بارے میں بھی مطلع کیا کہ اسکولوں میں بچیوں کے اندراج کا کُل تناسب بڑھا ہے، جو ایک اچھا اشارہ ہے۔ جناب پردھان نے کہا کہ مرکزی بجٹ 2026-27 میں حکومت نے ہر ضلع میں اسکولی بچیوں کا ہاسٹل قائم کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔×

## PREZ-ODISHA VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اپنی آبائی ریاست اوڈیشہ کے چھ دن کے دورے پر رہیں گی۔ وہ آج شام بھونیشور پہنچیں گی اور جاج پور، بالاسور، پوری اور میوربھنج ضلعوں میں مختلف سرکاری، تعلیمی اور ثقافتی پروگراموں میں شرکت

کریں گی۔ صدر جمہوریہ بالاسور میں Fakir Mohan یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔ شام میں وہ پوری روانہ ہوجائیں گی، جہاں وہ شری جگن ناتھ مندر میں درشن کریں گی۔ صدر جمہوریہ اِس مہینے کی سات تاریخ کو بھونیشور سے چھتیس گڑھ روانہ ہوجائیں گی۔×

## SC-WATER DISPUTE

سپریم کورٹ نے مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمل ناڈو اور کرناٹک کے درمیان Pennaiyar دریا کے پانی میں حصے داری کے معاملے پر طویل عرصے سے چلے آرہے تنازعے کو حل کرنے کیلئے ٹرائیبونل قائم کرے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس NV Anjaria پر مشتمل بنچ نے مرکزی سرکار سے کہا ہے کہ وہ نوٹیفکیشن جاری کرے اور ایک مہینے کے اندر اندر آبی تنازعات کو حل کرنے سے متعلق ٹرائیبونل تشکیل دے۔ تمل ناڈو سرکار نے 2018 میں یہ کیس دائر کیا تھا اور Pennaiyar دریا پر کرناٹک کی جانب سے باندھ تعمیر کئے جانے اور بہاؤ کا راستہ بدلنے کے کام کو چیلنج کیا تھا۔ تمل ناڈو سرکار نے یہ دلیل پیش کی تھی کہ بین ریاستی دریا کا پانی قومی اثاثہ ہے اور کوئی بھی ریاست اِس پر صرف اپنے حق کا دعویٰ نہیں کرسکتی۔×

## JAISHANKAR-US VISIT

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج امریکہ کے تین دن کے دورے پر جارہے ہیں۔ اُن کے اِس دورے میں اہم معدنیات سے متعلق وزارتی میٹنگ میں شرکت پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio نے یہ میٹنگ بلائی ہے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس وزارتی میٹنگ میں سپلائی چین نظام کی مضبوطی، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی سمت منتقلی اور اہم معدنیات کے شعبے میں کلیدی اشتراک پر خاص زور دیا جائے گا۔ ڈاکٹر جے شنکر اپنے اِس دورے میں امریکی انتظامیہ کے اعلیٰ اہلکاروں کے ساتھ میٹنگیں بھی کریں گے۔×

## DEFENCE ARMENIA

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان کی قیادت میں ایک دفاعی وفد چار روزہ سرکاری دورے پر آج آرمینیا پہنچا۔ اس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان دفاع اور سیکیورٹی اشتراک کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ اہم مفادات اور طویل مدتی دفاع اور سیکیورٹی اشتراک پر پیش رفت کا بھی موقع ہوگا۔×

## TRAINS FLIGHTS DELAYED

قومی راجدھانی میں کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کی وجہ سے آج کئی پروازوں اور ریل گاڑیوں کی آمدورفت میں

رکاوٹ پڑی ہے۔ دِلی ہوائی اڈّے نے ایک ایڈوائزری جاری کرکے مسافروں سے کہا ہے کہ وہ اپنی پروازوں کی تازہ جانکاری کیلئے متعلقہ ایئر لائنس سے رجوع کریں۔ اِدھر بھارتی ریلویز کے مطابق 11 ٹرینوں میں دو گھنٹے سے زیادہ کی تاخیر ہوئی ہے۔ اِسی طرح ریل مسافروں کو بھی یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ اسٹیشن آنے سے پہلے ٹرین کے تعلق سے تازہ جانکاری حاصل کریں۔×

## IMD-WEATHER

قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں آج صبح گھنا کہرا چھایا رہا۔ بھارتی موسمیات محکمے نے کُل تک دلّی، ہریانہ، پنجاب، چنڈی گڑھ، اڈیشہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور مغربی اترپردیش میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ کُل تک مغربی اترپردیش، جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

## BANGLADESH JAMMAT-E-ISLAMI

بنگلہ دیش جماعت اسلامی کی خواتین کی شاخ کی سرکردہ رہنماؤں نے خواتین کے اعلیٰ قیادت کے عہدوں پر فائز ہونے پر پارٹی کی پابندی کو صحیح ٹھہرایا ہے۔ اُنہوں نے ایک ایسے نظام کو صحیح ٹھہرانے کیلئے مذہبی دلائل کا استعمال کیا ہے، جس میں صرف مرد ہی قیادت کرسکتے ہیں۔ اِس رائے زنی پر شدید نکتہ چینی کی جارہی ہے اور کئی لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ اِس سے مردوں کے غلبے والے گہرے اندازِ فکر اور مرد و عورت کی برابری کو نظر انداز کئے جانے کی عکاسی ہوتی ہے۔ بنگلہ دیش جماعت اسلامی کی خواتین کی شاخ کی سرکردہ رہنماؤں نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی ایک اسلامی تنظیم ہے اور اُس کا یہ ماننا ہے کہ قیادت کے عہدوں پر مردوں کو ہی فائز ہونا چاہئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C: Naval singh Parmar**

*خواتین کی شاخ کی سکریٹری نورالنساء صدیقہ نے کہا ہے کہ مردوں کو خواتین کا سرپرست مانا جاتا ہے اور یہ کہ پارٹی کے عقیدے کے تحت خواتین پارٹی کی امیر یا سربراہ نہیں بن سکتیں۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ خواتین کے حقوق کو یقینی بنانے کے مقابلے اعلیٰ عہدوں پر خواتین کا فائز ہونا کم اہمیت کا حامل ہے۔ یہ رائے زنی ایسے وقت سامنے آئی ہے کہ جب جماعت کی امیر سے وابستہ متنازعہ سوشل میڈیا پوسٹ کے معاملے پرغم و غصے کا اظہار کیا جارہا ہے۔ کئی لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ یہ متنازعہ پوسٹ کام کرنے والی خواتین کی توہین کے مترادف ہے۔ اِس معاملے پر ڈھاکہ اور دیگر علاقوں میں طلباء، خواتین کے گروپ اور سیاسی تنظیموں نے احتجاج کیا ہے۔ یہ مظاہرین برسرعام معافی کا مطالبہ کررہے ہیں اور*

*اُنہوں نے بقول اُن کے جماعت کے خواتین مخالف نظریات کے خلاف اور بڑے مظاہروں کی وارننگ دی ہے۔*

*ڈھاکہ سے نول سنگھ پرمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیئے میں ......*

**BBC-AWARD NOMINATIONS**

سال 2025 کے بھارتی خاتون کھلاڑیوں کے BBC ایوارڈس کیلیئے، جن کھلاڑیوں کو نامزد کیا گیا ہے، اُن میں کرکٹ میں ہرمن پریت کور، اسمرتی مندھانا اور شطرنج میں دِوّیا دیشمکھ شامل ہیں۔

کپتان ہرمن پریت کور کی زیرکمان بھارت نے 2025 میں پہلی مرتبہ خواتین کا ICC ورلڈ کپ ٹائٹل جیتا اور اُنہوں نے اِس میں اہم رول ادا کیا۔ اِدھر نائب کپتان اسمرتی مندھانا نے کسی بھارتی خاتون کی جانب سے ایک روزہ میچوں میں سب سے تیز رفتار سنچری بنانے کا ریکارڈ قائم کیا۔ وہیں شطرنج کی سرکردہ کھلاڑی دِوّیا دیشمکھ نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا۔ وہ FIDE خواتین ورلڈ کپ کی پہلی بھارتی اور سب سے کم عمر فاتح بنیں اور گرانڈ ماسٹر ٹائٹل حاصل کیا۔ نشانے باز Suruchi سنگھ نے بھی ISSF ورلڈ کپ میں کئی سونے کے تمغے جیت کر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور وہ دس میٹر کے ایئر پسٹل زمرے میں عالمی نمبر ایک پوزیشن پر پہنچ گئیں۔×

**BALOCH PAK CLASHES**

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں سیکورٹی فورسز کی دو دن کی بڑی فوجی کارروائی میں 145 افراد مارے گئے ہیں۔ صوبے میں ایک ساتھ کئے گئے بندوقوں اور بم کے حملوں کے بعد یہ کارروائی کی گئی ہے۔ صوبے کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ یہ کارروائی تقریباً 40 گھنٹے تک چلی۔ حکام نے بتایا ہے کہ عام شہریوں کے بھیس میں یہ حملہ آور اسپتالوں، اسکولوں، بینکوں اور مارکیٹ میں گُھس گئے اور لوگوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہوئے فائرنگ شروع کردی۔

پاکستان کے جونیئر وزیر داخلہ طلال چودھری نے بتایا کہ عام شہریوں کو اندھادھند طریقے سے نشانہ بنایا گیا۔ علیحدگی پسند بلوچ لبریشن آرمی نے یہ کہتے ہوئے حملوں کی ذمے داری لی ہے کہ اُس نے سیکورٹی دستوں کے خلاف Herof یعنی سیاہ طوفان نام کا یہ مربوط حملہ کیا ہے۔×

**GRAMMY AWARD**

لاس اینجلس میں 68ویں سالانہ Grammy ایوارڈس تقریب میں Bad Bunny کو سال کی بہترین البم کا ایوارڈ دیا گیا۔ میوزک فلم ایوارڈس ایک ڈاکیومنٹری "Music by John Williams" کو ملا، جس کا مطلب یہ ہے کہ

ہدایت کار **Steven Spielberg** کو باضابطہ طور پر پہلا **Grammy** ایوارڈ ملا ہے۔ تبت کے روحانی پیشوا دلائی لامہ کو بہترین آڈیو بک اور **Meditation** کیلئے قصہ گوئی کی ریکارڈنگ کیلئے پہلا **Grammy** ایوارڈ دیا گیا ہے۔ ×

**SHOOTING C'SHIP**

ایشیائی رائفل اور پسٹل نشانے بازی چمپئن شپ آج نئی دِلی کے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں شروع ہورہی ہے، جو دو ہفتے جاری رہے گی۔ اِس میں ایشیا کے **17** ملکوں کے سرکردہ ایتھلیٹ **10** میٹر، **25** میٹر اور **50** میٹر کے رائفل اور پسٹل مقابلوں میں، مردوں، خواتین، جونیئر اور یوتھ زمروں میں حصہ لیں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆